روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 29 اپریل 2005ء 19 ربیع الاول 1426 ہجری 29 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 93

## اہل قبور کیلئے دعا

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ مدینہ کی قبروں کے پاس سے گزرے تو آپ نے چہرہ ان کی طرف کیا اور فرمایا السلام علیکم اے اہل قبور۔ اللہ تعالیٰ تمہیں اور ہمیں معاف فرمائے تم ہم سے آگے گزر گئے ہو ہم تمہارے پیچھے پیچھے آ رہے ہیں۔

(جامع ترمذی کتاب الجنائز باب مایقول الرجل اذا دخل المقابر حدیث نمبر 973)

## محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب کو سپرد خاک کردیا گیا

احباب جماعت کو یہ افسوسناک اطلاع دی جا چکی ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے بھائی اور حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب وحضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ کے بیٹے محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب مورخہ 27/اپریل 2005ء بروز بدھ صبح کے وقت الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں وفات پا گئے۔

وفات کی اطلاع ملتے ہی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی اسلام آباد تشریف لے گئے۔ جہاں مرحوم کی نماز جنازہ بیت الفضل اسلام آباد میں اسی دن بعد نماز ظہر صاحبزادہ صاحب موصوف نے پڑھائی۔ جس کے بعد میت ربوہ کے لئے روانہ ہوئی اور شام پونے سات بجے ربوہ پہنچی۔

ربوہ میں مرحوم کی نماز جنازہ مورخہ 28/اپریل 2005ء بروز جمعرات بعد نماز ظہر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے بیت المبارک میں پڑھائی۔ مرحوم خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ جنازہ بہشتی مقبرہ لے جایا گیا اور تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر محترم ناظر صاحب اعلیٰ نے دعا کرائی۔ اس موقع پر ربوہ کے علاوہ دور ونزدیک سے کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی۔

محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب نے بی ایس سی کرنے کے بعد ٹی آئی ہائی سکول ربوہ میں کچھ عرصہ تک بطور سائنس ٹیچر خدمات سرانجام دیں۔ کئی سال پاکستان چپ بورڈ فیکٹری جہلم میں کام کرتے رہے اور 1991ء میں لاہور شفٹ ہوگئے۔

آپ بہت سی خوبیوں کے مالک مرنجاں مرنج انسان تھے آپ ملنسار، ہمدرد، شریف الطبع اور خدمت خلق کے جذبہ کے تحت مریضوں کا علاج بھی کرتے تھے۔ آپ سادہ مزاج اور ہر ایک کے ساتھ ایڈجسٹ ہو جاتے تھے۔ آپ میں غصہ بالکل نہیں تھا اور آپ جھوٹ سے بے حد نفرت کرتے تھے۔ آپ کی وجہ سے کبھی کسی کو تکلیف نہ پہنچی۔

محترم صاحبزادہ صاحب مرحوم کے بیٹے مکرم مرزا فاتح احمد صاحب مورخہ 28/اپریل کی علی الصبح امریکہ سے ربوہ پہنچ گئے تھے۔ اور نماز جنازہ اور تدفین میں شریک ہوگئے۔ بڑے بیٹے مکرم نصر احمد صاحب پاکستان میں ہونے کی وجہ سے پہلے سے ہی موجود تھے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اپنی مغفرت کی چادر میں لپیٹ لے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

### جماعت احمدیہ کے بلند پایہ عالم سابق مفتیسلسہ و ناظم دارالقضاء

## محترم مولانا محمد احمد جلیل صاحب وفات پاگئے

احباب جماعت کو یہ افسوسناک اطلاع دی جاتی ہے کہ جماعت احمدیہ کے بلند پایہ عالم، خدا رسیدہ بزرگ اور سابق مفتی سلسلہ محترم مولانا محمد احمد جلیل صاحب مورخہ 27/اپریل 2005ء کو برمنگھم برطانیہ میں بعمر 95 سال وفات پاگئے۔ آپ کافی عرصہ سے بیمار چلے آرہے تھے چند دنوں سے طبیعت زیادہ خراب ہوگئی تھی۔ غذا اور دوا لینے میں دشواری کی وجہ سے کمزوری بڑھتی چلی گئی۔ اور جماعت احمدیہ کا یہ دیرینہ خادم اپنے مولا کے حضور حاضر ہوگیا۔

آپ مورخہ 2 جولائی 1910ء کو قادیان میں پیدا ہوئے۔ آپ کا آبائی گاؤں ہلال پور ضلع سرگودھا ہے۔ آپ کے والد ماجد حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب نے اپریل 1908ء میں حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کی۔ اور پھر قادیان میں ہی آباد ہوگئے۔

محترم مولانا صاحب نے پرائمری پاس کرنے کے بعد مدرسہ احمدیہ میں داخلہ لے لیا اور تعلیم کی تکمیل کے بعد جامعہ احمدیہ میں داخل ہوگئے۔ 1932ء میں آپ جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہوئے۔ آپ نے مولوی فاضل کے امتحان میں یونیورسٹی بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ آپ نے 1933ء میں میٹرک اور 1935ء میں ایف اے کا امتحان پاس کیا۔

جب 1934ء میں حضرت مصلح موعود نے وقف زندگی کی تحریک فرمائی اس پر لبیک کہتے ہوئے آپ نے 1935ء میں زندگی وقف کر دی۔ اور حضور کے ارشاد پر زندگی وقف کر کے آنے والے افراد کو دینی علوم پڑھانے پر مامور ہوئے۔ اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر ہی حدیث پڑھنے کے لئے دہلی تشریف لے گئے۔ دیوبند اور لاہور میں بھی کچھ عرصہ تک تحصیل علم کی غرض سے مقیم رہے۔

قیام پاکستان کے بعد 25/اگست 1947ء کو حضرت مصلح موعود نے ایک قافلے کے ساتھ آپ کو لاہور بھجوایا۔ آپ دو ماہ کے قریب فرقان فورس میں بھی شامل رہے۔ اس کے بعد آپ کو جامعہ احمدیہ میں استاد مقرر کر دیا گیا۔ یہاں آپ ادب عربی، حدیث اور تفسیر پڑھاتے رہے۔ آپ ناظم دارالقضاء اور مفتی سلسلہ کے عہدہ جلیلہ پر بھی فائز رہے۔ آپ کا جنازہ 29/اپریل کو ربوہ میں متوقع ہے۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔

## حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا

## خطبہ جمعہ کینیا سے براہ راست

مورخہ 29۔ اپریل بروز جمعۃ المبارک پاکستانی وقت کے مطابق 2:30 بجے دوپہر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ نیروبی سے براہ راست ایم ٹی اے پر نشر کیا جائے گا۔

(نظارت اشاعت شعبہ سمعی وبصری)

## خصوصی دعا کی درخواست

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی صحت کے حوالے سے احباب دعائیں جاری رکھیں فضل عمر ہسپتال میں دو آپریشنز ہو چکے ہیں۔ کمزوری بہت زیادہ ہے اور آپ ابھی ہسپتال میں ہی زیر علاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل وکرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

## داخلہ جامعہ احمدیہ

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کیلئے انٹرویو 8۔ اگست 2005ء بروز سوموار بوقت صبح سات بجے ہوگا۔

### شرائط داخلہ

☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 17 سال سے زائد نہ ہو۔
☆ ایف اے/ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 19 سال سے زائد نہ ہو۔
☆ میٹرک کے امتحان میں کم از کم B گریڈ ہونا ضروری ہے۔
☆ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔
☆ مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔
☆ انٹرویو بورڈ کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو۔

(باقی صفحہ 12 پر)

# حضرت خلیفۃ المسیح کا افریقہ میں ورود مسعود

حسیں سویروں کی روشنی کے جلو میں اک شہسوار آیا
حدِ نظر تک افق کی دھندلاہٹوں پہ رنگِ بہار آیا

متاعِ شرف و وقار سے ہے تہی اب انسانیت کا دامن
متاعِ شرف و وقار کا اِک بلند و بالا حصار آیا

گُھٹی گُھٹی سی فضا میں جو دم نہ مار سکتے تھے ایک دم بھی
انہیں مبارک ہو صد مبارک کہ ان کا اب رستگار آیا

خلوصِ قلب و نظر کے جلوے قدم قدم پر دمک رہے ہیں
دلوں کی پُر کیف مملکت کا، بہ شانِ نو، تاجدار آیا

خدا کے فضل و کرم نے جس کو رَچا دیا ہے ہر ایک شے سے
ہے جس کی رفعت پہ رفعتوں کو بھی ناز وہ ''خاکسار'' آیا

جنہیں ہزاروں برس محبت نے آنکھ بھر کبھی نہ دیکھا
انہیں محبت کی مے پلانے کو اک محبت شعار آیا

رموزِ عشق و جنوں سلامت کہ جاگ اُٹھی میکدہ کی محفل
ہر ایک اہلِ نظر کو جس کی نظر کا تھا انتظار، آیا

نسیمؔ مجھ کو یہ فخر ہے آج وہ مرے دوسرے وطن میں
خدا کی رحمت کو لے کے دامن میں مثلِ ابرِ بہار آیا

نسیمؔ سیفی

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری عبدالخالق صاحب دفتر محاسب صدر انجمن احمدیہ تحریر کرتے ہیں۔ خاکسار کے سمدھی مکرم ملک کمال الدین اکمل صاحب ولد ملک فیروز خاں صاحب مرحوم ریٹائرڈ ڈپٹی ڈائریکٹر اریگیشن گڑھی شاہو لاہور مورخہ 11۔ اپریل 2005ء کو کینیڈا میں بوجہ ہارٹ اٹیک بعمر 67 سال وفات پا گئے۔ مرحوم خدا کے فضل سے موصی تھے۔ ان کا جسد خاکی مورخہ 17۔ اپریل 2005ء کو دارالضیافت ربوہ لایا گیا اور اسی روز بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے نماز جنازہ پڑھائی۔ اور بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر ضیافت نے دعا کروائی۔ مرحوم بہت خوبیوں کے مالک تھے۔ خوش اخلاق شریف النفس، نیک، مخلص، ملنسار، مہمان نواز اور انسانیت کا درد رکھنے والے وجود تھے۔ اپنے محکمہ میں دیانتدار افسر مانے جاتے تھے۔ پسماندگان میں ضعیف العمر والدہ اور بیوہ مکرمہ صادقہ اکمل صاحبہ کے علاوہ پانچ بیٹیاں، مکرمہ طیبہ منصور صاحبہ اہلیہ منصور احمد صاحب امریکہ، مکرمہ آنسہ زبیر صاحبہ اہلیہ ملک زبیر احمد صاحب اٹلی مکرمہ راشدہ صاحبہ اہلیہ نیاز احمد صاحب کینیڈا، مکرم مبارکہ صاحبہ اہلیہ طارق محمود صاحب انجینئر کوئٹہ، مکرمہ آصفہ صاحبہ اہلیہ ملک نعمان احمد صاحب لاہور اور ایک بیٹا مکرم مبارک اکمل صاحب یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اور مرحوم کی بلندیٔ درجات اور مغفرت فرمائے۔ آمین

## تقریب شادی

مکرم ڈاکٹر محمد صادق صاحب جنجوعہ زعیم اعلیٰ فیکٹری ایریا شاہدرہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم احمد لقمان صادق صاحب کی شادی مورخہ 9۔ اپریل 2005ء کو محترمہ شائستہ عزیز صاحبہ بنت مکرم عزیز احمد ڈوگر صاحب مرحوم مغلپورہ لاہور سے ہوئی۔ رخصتی کے موقع پر مکرم احمد عرفان صادق صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مورخہ 10۔ اپریل 2005ء کو آمنہ شادی ہال شاہدرہ لاہور میں دعوت ولیمہ کا انتظام کیا گیا۔ اس نکاح کا اعلان مورخہ 24 جنوری 2005ء کو مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے بیت الحمد مغل پورہ گنج لاہور میں کیا تھا۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں اور احمدیت کیلئے ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ آمین

## اعلان دارالقضاء

(مکرم محبّ الرحمٰن صاحب بابت ترکہ محترمہ نزہت بیگم صاحبہ)

مکرم محبّ الرحمٰن صاحب ابن مکرم نعیم الرحمٰن صاحب دارالنصر غربی نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ محترمہ نزہت بیگم صاحبہ بقضائے الٰہی وفات پا چکی ہیں۔ قطعہ نمبر 27/2 دارالنصر برقبہ ایک کنال ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ ہم دونوں بھائیوں کے نام منتقل کر دیا جائے۔ میرے والد محترم کو اس انتقال پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) مکرم نعیم الرحمٰن صاحب (خاوند)
(2) مکرم محبّ الرحمٰن صاحب (بیٹا)
(3) مکرم خلیل الرحمٰن صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

(مکرم اعجاز احمد صاحب وغیرہ بابت ترکہ مکرم منیر احمد باجوہ صاحب)

مکرم اعجاز احمد باجوہ صاحب وغیرہ وارثان سکنہ 27/10 دارالیمن نے درخواست دی ہے کہ ہمارے والد مکرم منیر احمد باجوہ صاحب ابن مکرم نصر اللہ خان باجوہ صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 27/10 دارالیمن برقبہ ایک کنال میں سے ان کا حصہ 10 مرلہ ہے۔ یہ حصہ ہماری والدہ محترمہ نسیم اختر صاحبہ کے نام منتقل کر دیا جائے۔ ہم سب دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محترمہ نسیم اختر صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم اعجاز احمد صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم امتیاز احمد صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم اخلاق احمد صاحب (بیٹا)
5۔ محترمہ شازیہ منیر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

# 56ویں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ امریکہ کی چند ایمان افروز جھلکیاں

## تین ہزار سے زائد حاضری، ایمان افروز تقاریر، روحانی مناظر، لجنہ کے پروگرامز اور حکومت کے سرکردہ افراد کی شمولیت

رپورٹ: کلیم بن حبیب صاحب و صادق باجوہ صاحب

امریکہ کا 56واں جلسہ سالانہ بیت الرحمٰن میری لینڈ میں 3 ستمبر 2004ء کو شروع ہو کر 5 ستمبر کو بفضل اللہ تعالیٰ اختتام پذیر ہوا۔ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق ورجینیا کے ایکسپو سنٹر میں 25 تا 27 جون کو ہونے والے اس جلسہ کے انتظامات زور و شور سے جاری تھے کہ یہ خوش کن خبر پہنچی کہ امسال حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کینیڈا جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے تشریف لا رہے ہیں تو احباب کرام نے والہانہ انداز میں اس بات کا اظہار کیا کہ امریکہ کے جلسے کی مقرر کردہ تاریخیں تبدیل کی جائیں کیونکہ ایک کثیر تعداد حضور انور کی زیارت و صحبت سے مستفیض ہونے کے لئے بے چین ہے۔ احباب کا ذوق و شوق دیکھتے ہوئے امیر صاحب نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے امریکہ کے جلسہ کو ستمبر تک ملتوی کر دیا۔

جگہ اور تاریخ کی تبدیلی کے پیش نظر افسر جلسہ سالانہ عبدالشکور صاحب نے بھی انتظامات کی نوعیت میں حسب ضرورت تبدیلیاں کیں اور اپنے نائبین و ناظمین کی رہنمائی کی۔ جلسہ کا پروگرام، مقررین و عناوین کا انتخاب نہایت غور و فکر اور مشاورت سے کیا گیا۔ چار بڑے اور چودہ چھوٹے شامیانے نصب کر دیئے گئے جن میں سے نصف مردانہ اور نصف زنانہ ضروریات کے لئے مخصوص کئے گئے۔ دونوں جلسہ گاہوں میں کرسیاں قرینے سے لگائی گئیں۔ سامنے '25 x '20 کی پیمائش کا اسٹیج سجا تھا جس کے پیچھے پردے پر بیت الرحمٰن کا پُرکشش اور جاذب نظر عکس جلسے کی رونق دوبالا کر رہا تھا۔ چاروں طرف مختلف بینرز کی عجیب شان دکھائی دیتی تھی۔ گیٹ کے اطرافی جنگلے پر امریکہ کی پچاس ریاستوں کے جھنڈے اور قدرے اندر میدان میں پچاس ممالک کے رنگ برنگ جھنڈے ایسا دیدہ زیب نظارہ پیش کر رہے تھے کہ راہ گیر اس ''شاہراہ پُرامید'' سے گزرتے ہوئے لمحہ بھر رک کر دیکھنے پر مجبور ہو جاتا۔ مہمانوں کی سہولت کے لئے ضروری معلومات کے اشتہارات پہلے ہی تمام احباب کو ارسال کئے جا چکے تھے اور اس مرتبہ انٹرنیٹ پر رجسٹریشن کی سہولت کے ساتھ ساتھ جلسہ گاہ پر بھی خدام تندہی سے یہ فریضہ سرانجام دیتے رہے۔ نیز مردم شماری کے لئے رجسٹریشن کارڈز پر مخصوص بارکوڈز بھی لگائے گئے تھے جن سے دو مقاصد حاصل ہوئے۔ ایک سیکیورٹی دوسرے مردم شماری۔ مہمانان گرامی کو دو

# حضور انور ایدہ اللہ کا پیغام

جماعت امریکہ کے 56th جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے احمدیوں کے لئے، خلافت کی اطاعت، نظام جماعت کے احترام اور نماز باجماعت کے فریضہ کی ادائیگی کی مکرر یاددہانی ہی میرا پیغام ہے۔ خطبات جمعہ کے ذریعہ میں تمام احباب جماعت کو اپنی زندگیوں میں ایک پاک تبدیلی اور اللہ تعالیٰ سے ذاتی تعلق پیدا کرنے کے لئے مسلسل توجہ دلا رہا ہوں۔

اس پیغام کے پہلے حصے یعنی خلافت سے وابستگی اور اطاعت کے موضوع پر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے اس خطاب کے اقتباسات سے بہتر کوئی الفاظ نہیں مل سکتے جو حضور نے 1911ء کے جلسہ سالانہ منعقدہ قادیان کے موقع پر ارشاد فرمایا:۔

''سب کے سب مل کر مجموعی طاقت سے حبل اللہ کو مضبوطی سے پکڑو اور تفرقہ نہ کرو۔ یہ آیت میں آج تم پر تلاوت کرتا ہوں اور پھر سناتا ہوں۔ (-) تم خدا کی حبل کو مل کر مضبوط پکڑے رکھو اسے چھوڑو نہیں اور اس سے جدا نہ ہو اور نہ باہم تفرقہ کرو...... اس رسے کو مضبوطی سے پکڑے رہنے کا مطلب یہ ہے کہ قرآن مجید تمہارا دستور العمل اور ہدایت نامہ ہو۔ تمہاری زندگی کے تمام مرحلے اس کی ہدایتوں کے ماتحت ہوں۔ تمہارے ہر ایک کام ہر حرکت و سکون میں جو چیز تم پر حکمران ہو۔ وہ خدا تعالیٰ کی یہ پاک کتاب ہو۔ جو شفا اور نور ہے...... دیکھو تفرقہ نہ کرو۔ اگر تفرقہ کرو گے تو جانتے ہو اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟ یہ حبل اللہ تمہارے ہاتھ سے نکل جائے گی اور اس کے ساتھ ہی تم بھی بودے ہو جاؤ گے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ (-) تنازعہ کرو گے تو بودے ہو جاؤ گے۔ اور تمہاری ہوا نکل جائے گی۔ پھر تمہارا جمع جتھا ٹوٹ کر قوت منتشر ہو جائے گی اور دشمن تم پر قابو پالیں گے۔''

''دیکھو میں خلیفۃ المسیح ہوں اور خدا نے مجھے بنایا ہے۔ میری کوئی خواہش اور آرزو نہ تھی اور کبھی نہ تھی اب جبکہ خدا تعالیٰ نے مجھے یہ ردا پہنا دی ہے۔ میں ان جھگڑوں کو ناپسند کرتا ہوں۔ اور سخت ناپسند کرتا ہوں۔ میں نہیں چاہتا کہ تم میں ایسی باتیں پیدا ہوں۔ جو تنازعے کا موجب ہوں...... تم خوب یاد رکھو کہ معزول کرنا تمہارے اختیار میں نہیں۔ تم مجھ میں عیب دیکھو آگاہ کر دو۔ مگر ادب ہاتھ سے نہ دو۔ خلیفہ بنانا انسان کا کام نہیں۔ یہ خدا تعالیٰ کا اپنا کام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آدم کو خلیفہ بنایا ہے اور داؤد کو بھی اور ایک وہ خلیفہ ہوتا ہے جو لیستخلفنھم فی الارض میں موعود ہے۔ اور تم سب کو بھی خلیفہ بنایا۔ پس مجھے اگر خلیفہ بنایا ہے تو خدا نے بنایا ہے اور اپنے مصالح سے بنایا۔ ہاں تمہاری بھلائی کے لئے بنایا ہے۔ خدا تعالیٰ کے بنائے ہوئے خلیفہ کو کوئی طاقت معزول نہیں کر سکتی۔ اس لئے تم میں سے کوئی مجھے معزول کرنے کی قدرت اور طاقت نہیں رکھتا اگر خدا تعالیٰ نے مجھے معزول کرنا ہوگا تو وہ مجھے موت دے دے گا۔ تم اس معاملہ کو خدا کے حوالے کر دو۔ تم معزول کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ میں تم میں سے کسی کا بھی شکرگزار نہیں ہوں۔ جھوٹا ہے وہ شخص جو کہتا ہے کہ ہم نے خلیفہ بنایا۔''

(حیات نور، مؤلفہ شیخ عبدالقادر صاحب ص 524 تا 527)

میں عہدیداران جماعت کو بار بار تاکیداً کہہ چکا ہوں کہ وہ سب اپنی ذات میں اخلاق حسنہ اور عدل کا بہترین نمونہ پیش کریں۔ اسی طرح افراد جماعت کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسے عہدیداروں کی بات سنیں اور اطاعت کرتے رہیں اور کسی شکایت کی صورت میں نظام جماعت کے مجوزہ طریق کو اختیار کریں۔ الحمدللہ بفضلہ تعالیٰ ہماری جماعت میں، دوسری ہر جماعت یا تنظیم کے مقابلے میں، نظم و نسق کا ایک بہتر اور بلوغت کا حامل نظام موجود ہے۔ جماعت کے تنظیمی ڈھانچے کے ان تمام اداروں سے مخلصانہ وابستگی ہی اس نظام کے تحفظ اور دوام کا واحد ذریعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے اور اپنے اپنے عہد سے کماحقہ عہدہ برآ ہونے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''صلوٰۃ کا لفظ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ نرے الفاظ اور دعا ہی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ضروری ہے کہ ایک سوزش، رقت اور درد ساتھ ہو۔ خدا تعالیٰ کسی دعا کو نہیں سنتا جب تک دعا کرنے والا موت تک نہ پہنچ جاوے۔ دعا مانگنا ایک مشکل امر ہے اور لوگ اس کی حقیقت سے محض ناواقف ہیں۔ بہت سے لوگ مجھے خط لکھتے ہیں کہ ہم نے فلاں وقت فلاں امر کے لئے دعا کی تھی مگر اس کا اثر نہ ہوا۔ اور اس طرح پر وہ خدا تعالیٰ سے بدظنی کرتے ہیں اور مایوس ہو کر ہلاک ہو جاتے ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ جب تک دعا کے لوازم ساتھ نہ ہوں وہ دعا کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

دعا کے لوازم میں سے یہ ہے کہ دل پگھل جاوے اور روح پانی کی طرح حضرت احدیت کے آستانہ پر گرے اور ایک کرب اور اضطراب اس میں پیدا ہو اور ساتھ ہی انسان بے صبر اور جلد باز نہ ہو بلکہ صبر اور استقامت کے ساتھ دعا میں لگا رہے پھر توقع کی جاتی ہے کہ وہ دعا قبول ہوگی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی تکلیف یا ابتلا کو دیکھتے تو فوراً نماز میں کھڑے ہو جاتے تھے اور ہمارا اپنا اور ان راستبازوں کا جو پہلے ہو گزرے ہیں۔ ان سب کا تجربہ ہے کہ نماز سے بڑھ کر خدا کی طرف لے جانے والی کوئی چیز نہیں۔''

(ملفوظات جلد 9 ص 110,109)

آجکل ہم ایک ایسی دنیا میں رہ رہے ہیں جہاں ایک مکتبِ خیال کے پیرو یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ غلبہ (-) کے لئے ...... جہاد و قتال میں مصروف رہنا چاہئے۔ حضرت اقدس کے مندرجہ ذیل الفاظ ایسے لوگوں کی چشم بصیرت وا کرنے کے لئے کافی ہیں:۔

''وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں (-)۔

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 10-11)

اللہ تعالیٰ آپ کو جلسہ سالانہ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کے شامل حال ان تمام برکات و حسنات سے نوازے جن کے لئے حضرت اقدس مسیح موعود نے بارگاہ ایزدی میں التجائیں کی ہیں۔ (آمین)

والسلام

خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس

(بحوالہ النور امریکہ۔ نومبر دسمبر 2004ء)

قریبی ایئرپورٹس سے سات ہوٹلز تک لانے اور لے جانے کے لئے گاڑیوں کا خاطر خواہ انتظام تھا۔ تقریباً سات سو مہمان احمدی گھرانوں میں ٹھہرائے گئے جبکہ جلسہ کی کل حاضری تین ہزار ایک سو تھی۔ اسی طرح پارکنگ کا انتظام بیت الذکر کے احاطے کے علاوہ سڑک کی دوسری طرف کرایہ پر زمین لے کر کیا گیا۔

جلسہ گاہ کے ایک طرف مختلف اسٹال لگے تھے جن میں رجسٹریشن، ہیومینیٹی فرسٹ، بک سٹور، فرسٹ ایڈ، تحریک جدید، وقف نو، خدمت خلق، رشتہ ناطہ نمایاں تھے تو دوسری طرف کھانے کے شامیانے کے سامنے خورونوش اور دیگر اشیاء کی خرید و فروخت اور سائنس سے متعلق سٹال سجے ہوئے تھے۔ امسال ریڈ کراس کی ٹیم نے 80 احباب سے خون کا عطیہ وصول کیا اور شاداں و فرحاں گئے۔ لنگر خانہ ٹیم نے اس قدر مہمانوں کے طعام کا خوب عمدگی سے بندوبست کیا۔ دال، روٹی، چاول کے علاوہ میکرونی کا بھی انتظام تھا اور بروز اتوار کھانا ساتھ لے جانے کے لئے Boxes بھی مہیا کئے گئے۔ چائے، پانی اور شربت بھی ہر وقت وافر مقدار میں مختلف جگہوں پر موجود رہا۔ دوران جلسہ صفائی کا خاص خیال رکھا گیا۔

لجنہ کی جلسہ گاہ سے ملحق بچوں کے شامیانے میں چار سے آٹھ سال تک کے ایک سو پچاس بچوں کو تعلیمی و تربیتی پروگراموں میں مصروف رکھنے کے لئے آٹھ لجنہ ممبرات مستعدی سے نگران رہیں۔ دوسری طرف شیر خوار بچوں کے لئے ہر وقت تازہ گرم دودھ کا انتظام قابل ستائش تھا۔

بیت الذکر کی نچلی منزل میں ایک نہایت معلوماتی، تاریخی اور دیدہ زیب نمائش کا انتظام کرنل (ر) ڈاکٹر فضل احمد صاحب نے ماہرانہ انداز میں کیا جہاں نادر تصاویر کے علاوہ مسلسل اہم تاریخی اوراق ٹیلی ویژن پر دکھائے جاتے رہے۔

## پہلا دن

3 ستمبر بعد نماز جمعہ امیر جماعت امریکہ ڈاکٹر احسان اللہ ظفر صاحب، نائب امیر جماعت امریکہ منیر حامد صاحب اور نائب امیر اور مشنری انچارج مولانا داؤد حنیف صاحب نے بالترتیب احمدیت اور امریکہ اور میری لینڈ کے جھنڈے لہرائے۔ جس کے بعد امیر صاحب نے دعا کروائی اور تمام احباب نعرہ ہائے تکبیر کی گونج میں جلسہ گاہ پہنچے اور امیر صاحب کی صدارت میں قرآن کریم کی تلاوت سے جلسے کا باقاعدہ آغاز ہوا جو حافظ مبارک احمد کوئی صاحب نے کی۔ ترجمہ مرید ظفر صاحب نے پیش کیا۔ مولانا ظفر احمد سرور صاحب نے حضرت مسیح موعود کی ایک نظم خوش الحانی سے پڑھ کر سنائی اور اس کا ترجمہ ابراہیم نعیم صاحب نے پیش کیا۔ امیر صاحب نے سورہ حشر کی آیت نمبر گیارہ کی تلاوت و ترجمہ کے بعد تمام حاضرین جلسہ کو خوش آمدید کہا اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام جو خلافت اور نظام جماعت سے وابستگی سے متعلق تھا پڑھ کر سنایا۔ پہلے مقرر منیر حامد صاحب نے "انسانی زندگی کا مقصد، عبادت" کے موضوع پر تقریر کی۔

فلاح الدین شمس صاحب نے "آنحضرت ﷺ کا نمونہ بحیثیت العابد" پر اظہار خیال کیا۔

اس کے بعد چند خدام نے حضرت میر محمد اسماعیل کی مشہور نعت

علیک الصلوۃ علیک السلام

نہایت دلآویز آواز میں سنائی۔ ترجمہ جلال الدین عبداللطیف صاحب نے پیش کیا۔ بعد ازاں مولانا داؤد حنیف صاحب نے "الوصیت۔ دنیا کا نظام نو" پر اظہار خیال کیا۔ امیر صاحب نے آخر میں یاددہانی کروائی کہ وصیت میں شمولیت ذاتی لحاظ سے آپ کی روحانی اور مالی قربانی کے معیار کو بلند کرنے اور اس پر قائم رہنے کا عہد ہے۔

شام کے وقت چند مختلف جماعتی ایسوسی ایشنز کے اجلاس ہوتے رہے اور احباب خوشگوار موسم میں ایک دوسرے سے ملنے ملانے میں مصروف رہے۔

ہفتہ کی صبح مولانا انعام الحق کوثر صاحب نے تہجد اور نماز فجر کی ادائیگی کے بعد درس قرآن دیا جس میں کثیر تعداد میں احباب نے شمولیت کی۔ بروز ہفتہ مستورات اور مردوں کے پروگرام علیحدہ علیحدہ منعقد ہوئے۔

لجنہ کا پروگرام تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا جو نوشین تہمینہ صاحبہ نے کی اور ترجمہ شکورا انور یہ صاحبہ نے پیش کیا۔ اس کے بعد حنا ملک صاحبہ نے "ذکر الٰہی" کے موضوع پر تقریر کی۔ پھر خالدہ احمد صاحبہ نے نظم پیش کی جس کا ترجمہ نائلہ لطیف صاحبہ نے کیا۔ بعد ازاں نورین چوہدری صاحبہ نے "حضرت مریم۔ عصمت و تقویٰ کا کردار" پر اپنے خیالات گوش گزار کئے۔ نظم کے بعد شاہینہ بشیر صاحبہ کی تقریر کا عنوان تھا "تلاش اور حصول احمدیت" اس کے بعد دو اور نظمیں پڑھی گئیں اور نو مبائعین لجنہ ممبرات کو خوش آمدید کہا گیا۔ پھر پہلی مرتبہ قرآن کریم ناظرہ مکمل کرنے والی ناصرات کی پذیرائی کی گئی۔ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ امریکہ کے خطاب کے ساتھ جلسے کا یہ حصہ اختتام پذیر ہوا۔

## دوسرا دن

بروز ہفتہ مردانہ جلسہ کا آغاز مولانا داؤد حنیف صاحب کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ مرزا نصیر احمد صاحب نے تلاوت کی اور اس کا ترجمہ نور الدین محمود صاحب نے پیش کیا۔ پھر سید محمود احمد صاحب نے نظم پڑھی اور پیر احمد صاحب نے انگریزی ترجمہ سنایا۔ اس اجلاس میں پہلے مقرر ڈاکٹر سید وسیم احمد صاحب تھے جنہوں نے "شادی کا تقدس۔ از روئے دین حق" پر تقریر کی۔ پھر ایک نوجوان خادم خرم فواد صاحب نے "مغربی معاشرہ میں بچوں کی پرورش" کے اہم عنوان پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں امجد محمود خان صاحب نے "مغربی معاشرہ میں نوجوانوں کو درپیش چیلنج" پر تقریر کی۔ اس کے بعد ڈاکٹر خالد منہاس صاحب نے مسحور کن آواز میں نظم پڑھی جس کا ترجمہ بلال عبدالسلام صاحب نے پیش کیا۔

پروگرام کے مطابق چوتھے مقرر ناصر محمود صاحب نے "مغربی سوسائٹی کے مسائل کا واحد حل۔ قرآن کریم" پر جامع اور دلنشین انداز میں معاشرے میں پھیلے ہوئے اخلاقی اور روحانی انحطاط کی وجوہات کا تجزیہ کیا۔

بروز ہفتہ بعد دوپہر دوسرے سیشن کے پروگرام شروع ہوئے۔ لجنہ اماء اللہ کے جلسے کی کارروائی کا آغاز حسنیٰ مقبول احمد نے تلاوت کلام پاک سے کیا جس کا انگریزی ترجمہ شفیقہ رشید صاحبہ نے پیش کیا۔ نظم کے بعد اس سیشن کی پہلی مقررہ ثریا لطیف نے "دین کا بنیادی رکن" پر اظہار خیال کیا۔ لجنہ کی دوسری مقررہ شازیہ سعید صاحبہ نے "دین میں شادی کا تصور۔ ایک دوسرے کا لباس" کے عنوان پر روشنی ڈالی۔ پھر ایک نظم پیش کی گئی اور اس کے بعد عطیہ قریشی صاحبہ نے "دینی اور دیگر تہذیبوں کے نظریاتی اختلاف" پر سیر حاصل دلائل پیش کئے۔

آخر میں بشریٰ بٹ صاحبہ نے "خلافت۔ ایک دائمی روحانی رہنما" کی ضرورت اور اہمیت کو اجاگر کیا۔ ایک نظم کے بعد سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب ہوئی اور صدر صاحبہ کے خطاب کے بعد دعا کے ساتھ اس کامیاب جلسہ کی کارروائی اختتام کو پہنچی۔ دوسرے دن مردانہ جلسہ گاہ میں پیش ہونے والے پروگرام کی تفصیل یوں ہے۔ بعد دوپہر کے جلسہ کی کارروائی کی صدارت نائب امیر منیر حامد صاحب نے کی۔ عابد حنیف صاحب نے قرآن کریم کی تلاوت اور اس کا ترجمہ پیش کرنے کی سعادت پائی۔ ظفر اللہ خان صاحب نے نظم پڑھی اور ذوالوقار یعقوب صاحب نے اس کا ترجمہ پیش کیا۔

معمول کے مطابق اس جلسہ سالانہ پر بھی غیر از جماعت احباب اور اردگرد کی عبادت گاہوں کے نمائندوں اور حکومت کے سرکردہ افراد کو شرکت کے لئے مدعو کیا گیا۔ مولانا داؤد حنیف صاحب نے تمام معززین کا نام لے کر انہیں خوش آمدید کہا اور استقبال و عزت افزائی کے فرائض سرانجام دیئے۔ ان میں سے آٹھ مہمانوں نے باری باری حاضرین جلسہ سے خطاب کیا اور جماعت احمدیہ کی امن و صلح جوئی کی کاوشوں کو سراہا اور مکرم مولانا شمشاد احمد ناصر صاحب کی مساعی کو خراج تحسین پیش کیا۔

اس کے بعد موسیٰ اسد صاحب نے "مغرب میں دین حق۔ مماثلت اور مسائل" پر ولولہ انگیز تقریر کی۔

اپنے اختتامی خطاب میں امیر صاحب نے تمام مہمانان خصوصی کے نیک جذبات کا شکریہ ادا کیا۔

جلسہ کی کارروائی کے بعد تمام مہمان جن کی تعداد 70-75 کے قریب تھی، علیحدہ شامیانے میں تشریف لے گئے جہاں نہ صرف لذیذ کھانوں کا انتظام تھا بلکہ سوال و جواب کا موقع بھی فراہم کیا گیا۔ مولانا داؤد حنیف صاحب، مولانا شمشاد احمد ناصر صاحب، مولانا انعام الحق کوثر صاحب اور مولانا اظہر حنیف صاحب نے ان سوالات کے پُراثر جوابات دیئے۔ اس موقع پر علی مرتضیٰ صاحب نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ دلچسپ ہونے کی وجہ سے سوال و جواب کا یہ سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

عصرانے کے بعد واقفین نو کا پروگرام امیر صاحب کی صدارت میں بیت الذکر میں منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد بچوں نے نظم اور قصیدہ کے اشعار پیش کئے۔ امیر صاحب نے ڈیٹرائٹ جماعت کے نوجوان داؤد احمد خان کو امریکہ کے پہلے واقف نو کی حیثیت سے جامعہ احمدیہ کینیڈا میں داخل ہونے پر سند عطا کی۔ اس کے بعد چھ ایسے واقفین کو خراج تحسین پیش کیا گیا جنہوں نے پہلی مرتبہ ناظرہ قرآن پاک کا دور مکمل کیا۔ نیشنل سیکرٹری واقفین نو ڈاکٹر حافظ سمیع اللہ چوہدری صاحب نے والدین اور سیکرٹری صاحبان سے مکمل تعاون کی درخواست کی۔ اس تقریب میں حاضری تقریباً دو سو تھی۔ آخر میں واقفین بچوں اور بچیوں میں چاکلیٹ اور انعامات تقسیم کئے گئے۔

## تیسرا دن

بروز اتوار 5 ستمبر جلسہ سالانہ کا آغاز نماز تہجد اور نماز فجر سے ہوا جس کے بعد مولانا ارشاد احمد ملہی صاحب نے درس قرآن کریم دیا۔

جلسہ کی کارروائی امیر صاحب کی زیر صدارت صبح 10 بجے تلاوت قرآن کریم اور اس کے انگریزی ترجمے سے ہوئی جسے ڈاکٹر محمد علی ممتاز نے پیش کیا۔ منصور احمد صاحب نے خلافت سے متعلق نظم خوش الحانی سے پڑھی اور اس کا منظوم ترجمہ ڈاکٹر یوسف لطیف صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد صدر خدام الاحمدیہ نسیم وسیم صاحب نے دوران سال مختلف جماعتوں کی سرگرمیوں کا ذکر کیا۔

پھر مولانا اظہر حنیف صاحب نے "خلافت۔ رہنمائی کا الٰہی منشاء" کے موضوع پر نہایت مدلل و اثر انگیز تقریر کی۔

دوسرے مقرر ظاہر مصطفیٰ احمد تھے جنہوں نے "حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ" کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد بلال راجہ صاحب نے نظم پڑھی اور ابراہیم نعیم صاحب نے اس کا ترجمہ پیش کیا۔ اس پروگرام کے آخری مقرر مسیح دوراں کے پڑپوتے ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا مغفور احمد صاحب تھے۔ آپ نے "ذکر حبیب" پر حضرت مسیح موعود کی زندگی کے مختلف واقعات بیان کئے۔ اختتامی خطاب میں امیر صاحب نے نظام وصیت پر روشنی ڈالی اور فرمایا کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق ہمیں موصیان کی تعداد 700 سے مزید ایک ہزار بڑھا کر 1700 کرنی ہے۔ آپ نے اس بات کو نہایت درد و فکر سے بیان کیا کہ ہمیں اپنے Afro-American بھائیوں کی غربت و خستہ حالی کی طرف عملی طور پر اور دعاؤں سے متوجہ ہونا چاہئے۔ اس کے بعد آپ نے اجتماعی دعا کروائی اور یہ جلسہ بفضل اللہ تعالیٰ بخیر و خوبی اختتام کو پہنچا۔

☆......☆......☆

## دینی تعلیمات کی روشنی میں

# عقل و فکر کی اہمیت اور حصول علم کے ذرائع

مرزا الیاس احمد وقار صاحب

قرآن پاک کو اگر بنظر غور پڑھا جائے تو معلوم ہوگا کہ قرآن پاک بسم اللہ کی ''ب'' سے والناس کی ''س'' تک علم، عقل، فکر و تدبر کی تاکید سے بھرا ہوا ہے۔ قرآن پاک کی ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں آیات ہیں جو عقل، فکر، علم اور تدبر کی افادیت اجاگر کرتی ہیں۔ علم اور تدبر کی جو راہیں قرآن نے کھولیں، ان پر چل کر ایک زمانہ تک مومنین دنیا کی ہر میدان میں راہنمائی کرتے رہے۔ مگر جب مذہب اور قرآن کی حقیقی تعلیم کو پس پشت ڈالا اور نظران راہوں سے ہٹ کر مادہ پرستی کی طرف اٹھی تو وہ خود پستی کی طرف گرتے چلے گئے۔

قرآن پاک نے یہ بات بالکل آغاز میں ہی کھول دی ہے۔ لفظ ''ھـــدی'' کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ وہ گھوڑا جو سب سے آگے نکل جاتا ہو (اقرب)۔ یعنی یہ کتاب وہ ہے کہ اس کو ماننے والا دنیاوی اور روحانی میدان میں سب سے آگے ہوگا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے مشہور حدیث ''علم دو ہی ہیں ادیان کا علم اور ابدان کا علم'' کی تشریح میں فرمایا تھا کہ یہاں ابدان کا مطلب محض میڈیکل سائنس کرنا حدیث کے نفس مضمون سے زیادتی ہے۔ اس کا مطلب ہے ہر وہ علم جو کسی بھی بدن سے تعلق رکھتا ہو یعنی خواہ وہ بدن آسمان کی وسعتوں میں ہو خواہ زمین کی اتھاہ گہرائیوں میں جو بھی چیز بدن رکھتی ہے اس کا علم، علم الابدان کہلائے گا۔

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب سے جب یہ سوال ہوا کہ آپ نے یہ تھیوری (جس پر نوبیل پرائز ملا) کہاں سے حاصل کی تو انہوں نے جواباً کہا تھا میں نے یہ تھیوری قرآن پاک سے حاصل کی ہے۔

عقل، علم اور تدبر آپس میں لازم و ملزوم ہیں۔ قرآن پاک نے جہاں لقوم یعلمون کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ وہاں لقوم یعقلون کے الفاظ بھی بیان کئے ہیں۔ چنانچہ علم اور عقل کے اس باہمی ربط کو نہایت جامع انداز میں اللہ تعالیٰ یوں بیان فرماتا ہے۔

''یہ سب امثلہ ہیں جو ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں لیکن ان کا فہم اور ادراک صرف علم والے رکھتے ہیں۔'' (سورۃ عنکبوت آیت نمبر 43)

اس آیت مبارکہ کا آخری حصہ بہت ہی بصیرت افروز ہے جس میں کہا گیا ہے کہ عالم وہ ہے جو عقل سے کام لے بلکہ قرآن پاک تو عقل اور فکر و تدبر نہ کرنے والوں کو جانوروں سے بھی بدتر بیان کرتا ہے چنانچہ قرآن پاک کی آیت ہے۔

''ان کے دل تو ہیں مگر ان سے وہ سمجھتے نہیں اور ان کی آنکھیں تو ہیں مگر ان سے وہ دیکھتے نہیں اور ان کے کان تو ہیں مگر ان سے وہ سنتے نہیں۔ وہ لوگ چارپایوں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر (اصل بات یہ ہے کہ) وہ بالکل جاہل ہیں۔''

(سورۃ اعراف آیت نمبر 180)

## دین اور عقل و فکر

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ جو تصورات اور عقائد آباء واجداد سے نسلاً بعد نسل چلے آرہے ہیں وہی دین ہے۔ ان کو جوں کا توں بغیر کسی تحقیق کے مان لیا جائے لیکن قرآن پاک سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 171 میں اس بات کی سختی سے مخالفت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

یہ لوگ زندگی بھر اپنے آباء واجداد کو سند مانتے رہیں گے خواہ ان کے آباء نے کبھی عقل سے کام ہی نہ لیا ہو اور نہ کبھی سیدھے راستہ پر چلے ہوں۔

آباء واجداد تو دور کی بات، قرآن پاک خود اپنے متعلق بھی یہی فرماتا ہے کہ بلا تحقیق مت مانو اور مومنین کی شان بیان کرتے ہوئے کہتا ہے۔

مومنین وہ ہیں کہ جب ان کے رب کی آیات پڑھی جاتی ہیں تو ان پر اندھے اور بہرے بن کر نہیں گرتے (بلکہ عقل و فہم سے کام لیتے ہیں اور تسلیم کرتے ہیں)۔ (سورۃ فرقان آیت نمبر 73)

مومن نہ تو خود کسی نظریے کو آنکھیں بند کر کے قبول کرتا ہے اور نہ ہی دوسروں کو قبول کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ چنانچہ قرآن پاک آنحضرت ﷺ سے متعلق فرماتا ہے۔

میں اللہ کے راستہ کی طرف علیٰ وجہ البصیرت دعوت دیتا ہوں اور میرے ماننے والے بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ (سورۃ یوسف آیت نمبر 109)

پس مومن جب بھی اشاعت قرآن یعنی جہاد اکبر کرے گا، دعوت الی اللہ کرے گا تو عقل و فکر کی رو سے تعلیم القرآن کو عام کرے گا۔ یہ بات تو روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ قرآن کی رو سے علم اور فکر کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ کلام رسول سے ہمیں پتا چلا تھا کہ علم الابدان سے مراد ہر وہ علم ہے جو کسی بھی بدن سے متعلق ہو۔ آئیں جائزہ لیں کہ کلام اللہ اس بابت کیا کہتا ہے۔ یہاں چند آیات بطور نمونہ پیش ہیں ورنہ قرآن پاک تو سائنس کی بے شمار راہیں اپنے ماننے والوں کے لئے کھولتا ہے۔

## ''علماء'' از روئے قرآن

لفظ عالم یا علماء صرف مذہبی سکالرز کے لئے مخصوص ہو گیا ہے۔ جبکہ قرآن پاک نے تو ہر علم کے سکالر اور ماہر کو عالم یا علماء کے نام سے موسوم کیا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ سورۃ روم کی آیت نمبر 23 میں فرماتا ہے۔

''اور اس کے نشانات میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف ہے۔ یقیناً اس میں علم والوں کے لئے نشانات ہیں۔''

غور فرمائیں کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے کن کن لوگوں کو علماء کہا ہے۔ قرآن پاک اپنی زبان میں مفکر اور محقق کو عالم ہی کہتا ہے جن کو ہم سائنسدان یا سکالر کہتے ہیں۔

### 1۔ السمٰوٰت:

آسمانوں میں نشان موجود ہیں یعنی اجرام فلکی پر ریسرچ کرنے کی تلقین کی جارہی ہے اور آج کے Astronomist کو عالم کہا گیا ہے۔

### 2۔ الارض:

یعنی علم ارضیات کی طرف توجہ مبذول کروائی گئی ہے اور اس فن کے ماہرین کو بھی علماء کے زمرہ میں داخل کیا ہے جو آج Geologist کہلاتے ہیں۔

### 3۔ السنتکم:

زبانوں کے ماہرین کو بھی زمرہ علماء میں شامل کیا اور توجہ دلائی کہ لسانیات کے ماہر بنو۔

### 4۔ الوان:

مختلف اقوام کے رنگوں کی خصوصیات پر کام کرنے کی ترغیب دلائی جارہی ہے۔ اور یہ ایک گہرا علم ہے جو جینز سے تعلق رکھتا ہے جو کہ علم حیاتیات (Biology) کی شاخ ہے یعنی اس میں Biologist بننے کی تلقین کی جارہی ہے۔

غرض یہ کہ سائنس کے مختلف شعبوں میں کام کرنے والوں کو قرآن نے علماء کہا ہے اس آیت میں قرآن پاک نے مندرجہ بالا علوم کو بطور سائنس متعارف کروایا ہے اور خاص طور پر Genetics کی شاخ کا ذکر کیا ہے جو اقوام عالم کے قد، رنگ اور شکل پر بحث کرتی ہے۔ قرآن کریم مزید علوم سے پردہ ہٹاتے ہوئے سورۃ فاطر کی آیت نمبر 29,28 میں فرماتا ہے۔

کیا تو نے دیکھا نہیں کہ اللہ نے بادل سے پانی اتارا۔ پھر ہم نے اس سے مختلف رنگ کے پھل پیدا کئے اور پہاڑوں میں سے مختلف رنگوں کے پہاڑ ہوتے ہیں بعض سفید، بعض سرخ، مختلف رنگوں کے کالے سیاہ بھی ہوتے ہیں اور لوگوں اور جانوروں میں سے بھی ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک کا رنگ دوسرے سے جدا ہوتا ہے۔ حقیقت اسی طرح ہے۔ اور اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء اس سے ڈرتے ہیں۔ اللہ بڑا غالب اور بخشنے والا ہے۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ مزید تفصیل سے علماء کا ذکر کرتا ہے اور سائنس کی نئی راہیں کھولتا ہے اور درج ذیل امور میں تحقیق کی دعوت دیتا ہے۔

1۔ کائنات میں کس قانون کے تحت فضا کی بلندیوں سے زمین پر پانی برستا ہے۔ یعنی علم فلکیات کی طرف اور پھر اس کی شاخ جو موسموں سے تعلق رکھتی ہے کی طرف توجہ دلائی ہے۔

2۔ کھیتی کن کن مراحل سے گزر کر تیار ہوتی ہے یعنی زرعی ماہرین بننے کا کہا جارہا ہے۔

3۔ پہاڑوں پر تحقیق کا میدان دکھایا ہے کہ سرخ ہو تو پہاڑ کے اندر کیا خزانے چھپے ہوتے ہیں۔ سفید ہو تو کیا خصوصیات ہوتی ہیں اور کالے رنگ کے پہاڑ اپنے اندر کیا سموئے ہوتے ہیں یعنی پہاڑوں تلے قدرت کے کیا نظارے پنہاں ہیں ان کو تلاشو۔

4۔ انسانوں اور جانوروں پر تحقیق کی راہیں بتائی ہیں کہ ان کے اندر جو ایک کائنات بس رہی ہے اس کو بنظر غور مشاہدہ کرو۔

ان آیات میں قرآن نے اپنے ماننے والوں کے لئے فزکس، کیمسٹری، اسٹرانومی، جیوگرافی، زووالوجی اور باٹنی کی راہیں دکھائی ہیں کہ ان معرکوں کو بھی سر کرو اور ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا کہ جو ان مشاہدات کے بعد عظمت خداوندی کو اپنے دل میں جگہ دے گا اور قدرتوں کو محسوس کرتے ہوئے خدائے واحد تک پہنچے گا وہ حقیقی عالم ہوگا۔ قرآن پاک کی ان آیات نے کھول کر بتا دیا کہ علماء سے مراد صرف دین کے علماء نہیں بلکہ تمام ماہرین علوم ہیں اور ان آیات میں جو لفظ ''علماء'' آیا ہے میرے نزدیک ''ماہرین علوم'' سے بہتر اس کا کوئی ترجمہ نہیں۔

## حصول علم کے ذرائع

آج سائنس تحقیقات پیش کر رہی ہے کہ کس طرح انسان چیز دیکھ کر یا محسوس کر کے پیغام دماغ تک پہنچاتا ہے اور پھر دماغ فیصلہ کرتا ہے کہ کیا چیز ہے مگر قرآن کریم صدیوں قبل ہی حصول علم کے ذرائع بیان کر چکا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ سورۃ اسراء آیت نمبر 36 میں فرماتا ہے:۔

''جس چیز کا تجھے علم نہیں اس پر مصر مت ہو یقیناً کان، آنکھ اور دل ان سب سے پوچھا جائے گا۔''

یعنی علم وہ ہے جو کان، آنکھ (حواس) اور دل سے حاصل ہو۔ ان آیات میں بتایا گیا ہے کہ انسان اپنے حواس سے کچھ حاصل کرتا ہے اور پھر اسے دل یعنی عقل

(باقی صفحہ 6 پر)

بشیر احمد شاہد صاحب

# میری ممانی جان مکرمہ نذیر بیگم صاحبہ کی یاد میں

میری ممانی جان مکرمہ نذیر بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم میاں محمد یوسف صاحب مرحوم آف دارالرحمت غربی ربوہ جو کہ خاکسار کی خوشدامنہ بھی تھیں۔ مورخہ 15 فروری 2005ء کو رات تقریباً اڑھائی بجے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں بعمر 86 سال ہم سے جدا ہو کر اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہوگئیں۔

آپ بچپن سے ہی اپنے والد بزرگوار کی نیک تربیت کی وجہ سے دینی امور کی طرف راغب تھیں۔ بچپن سے بلوغت کو پہنچیں تو حضرت مسیح موعود کے ایک رفیق حضرت میاں نبی بخش صاحب (سکول ہیڈ ماسٹر) کی بہو بنیں۔ تو پھر اور بھی زیادہ نیک ماحول میں رنگین ہونے کا موقعہ میسر آ گیا۔ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں تو آپ اپنے میاں کے ساتھ ہجرت کر کے مستقل طور پر قادیان آ گئیں۔ آپ کے میاں چونکہ ملٹری میں ملازم تھے اس لئے آپ نے اپنے نئے تعمیر کردہ مکان محلّہ دارالشکر قادیان میں مقیم ہونا زیادہ پسند کیا۔

تقسیم ملک کے وقت قادیان سے ہجرت کر کے آپ لوگ کراچی چلے گئے جہاں آپ تقریباً بیس سال مقیم رہے۔ ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد ایک مرتبہ پھر مرکز سلسلہ ربوہ میں اپنا نیا مکان بنا کر اپنی بقیہ زندگی یہاں ہی گزارنی پسند کی۔

خلفاء حضرت اقدس سے آپ کو گہرا لگاؤ تھا۔ آپ نے اپنی زندگی میں خدا تعالیٰ کے فضل سے چار خلافتوں کے سنہری دور دیکھے اور اکثر کہا کرتیں کہ ہم لوگ کتنے خوش نصیب ہیں جنہیں خلافت کی برکات سے نوازا گیا ہے اور ہمیشہ اپنی ساری اولاد کو دل و جان سے اس سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتی رہیں۔

ہم لوگ جب آپ سے ملنے جایا کرتے تو قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہی اکثر آپ کو دیکھا۔ پھر ساتھ ساتھ ترجمہ بھی بغور پڑھتیں۔ اور کہتیں کہ جب تک اس کا ترجمہ نہ پڑھ لوں تو کوئی لطف نہیں آتا۔ علاوہ ازیں آپ کو کراچی اور ربوہ میں اکثر ہمسایوں کے بچوں کو قرآن مجید پڑھانے کی سعادت بھی حاصل ہوئی جس پر وہ بہت فخر کرتی تھیں۔

آپ جہاں بھی رہیں۔ مہمان نوازی کا جذبہ ہمیشہ غالب رہا۔ آپ نے گھر آئے مہمان یا دوسرے ملنے کے لئے آنے والوں کو کھانا کھلائے بغیر نہ جانے دیا اور کہتیں کہ اس میں بہت ثواب اور برکت ہے۔ اپنوں اور غیروں سے بہت شفقت سے پیش آتی رہیں۔ کئی عزیزوں کو کئی کئی ماہ اپنے ہاں مقیم رکھا اور کبھی ماتھے پر بل نہ آنے دیا اور ان کے آرام وغیرہ کا ہر طرح سے خیال رکھا۔

نماز تہجد کی ادائیگی ان کی زندگی کا اولین مقصد حیات تھا۔ وہ آدھی رات کو اٹھتیں اور خدا تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعائیں مانگنا ان کا معمول تھا۔ اور طلوع فجر تک نجانے کتنے نوافل ادا کرتیں۔ جو فرد بھی آپ کو دعا کے لئے عرض کرتا اسے باقاعدہ اپنی دعاؤں میں شامل کرتیں۔

خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے آپ کو نیک اولاد کی نعمت سے نوازا تھا جس پر وہ بہت خوش تھیں۔ آپ کے دو بیٹے مکرم بشیر احمد صاحب (جرمنی)، مکرم سعید احمد سہیل صاحب ربوہ اور تین بیٹیاں مکرمہ ثریا نزہت صاحبہ اہلیہ مکرم شریف احمد صاحب بھٹی، مکرمہ بشریٰ شاہد صاحبہ اہلیہ (خاکسار) بشیر احمد شاہد، مکرمہ مبشرہ طاہرہ صاحبہ (والدہ عزیزان عمران احمد ملک و کامران احمد ملک)۔ آپ نے ان کے علاوہ تین پوتے، چار پوتیاں، چھ نواسے، سات نواسیاں، سات پڑپوتے، چھ پڑپوتیاں اور انیس پڑنواسیاں، گیارہ پڑنواسے اپنی یادگار چھوڑے ہیں۔

آپ ہمارے خاندان کی بہت دعا گو بزرگ خاتون تھیں۔ ہمارا سارا خاندان ان سے بہت زیادہ مانوس تھا۔ جس کسی کو بھی کوئی پریشانی ہوتی تو وہ فوراً حضور انور کی خدمت میں دعا کا خط لکھنے کے بعد آپ کے پاس آتا اور انہیں دعا کے لئے کہتا۔ آپ کا تعلق بہت وسیع تھا جب کوئی عزیز مرکز سلسلہ ربوہ آتا تو آپ سے ملے بغیر اور ڈھیروں دعائیں لئے بغیر واپس نہ لوٹتا۔ سچ تو یہ ہے کہ وہ ہمارے لئے دعاؤں کا ایک بہت بڑا خزانہ تھیں۔

آپ غریب بچیوں سے بہت محبت کا سلوک روا رکھتی تھیں اور اسی جذبہ کے تحت آپ نے اپنی زندگی میں خاکسار کو کئی بار یہ نصیحت کی تھی کہ میری وفات کے بعد میرا سارا زیور پیارے آقا کی تحریک کی روشنی میں مریم شادی فنڈ میں جمع کرا دینا۔ لہٰذا میں نے آپ کی اس دیرینہ خواہش کے پیش نظر یہ قدم اٹھایا ہے۔ خدا تعالیٰ ان کی اس مالی قربانی کا انہیں اجر عظیم عطا کرے اور ان کی روح کو ابدی سکون ملے۔

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ اپنی زندگی میں ہی اپنا حساب ادا کر چکی تھیں۔ مورخہ 15 فروری 2005ء کو بعد نماز عصر نماز جنازہ کے بعد بہشتی مقبرہ ربوہ میں ابدی نیند سو گئیں۔

اے خدا برتربت او ابر رحمت ہا ببار
داخلش کن از کمال فضل در بیت النعیم

آخر میں خدا تعالیٰ کے حضور دعا گو ہوں کہ وہ ہمیں ان کی خوبیوں اور نیکیوں کو اپنانے کی سعادت بخشے۔

## سب سے گہرا سمندر

بحرالکاہل اوسط گہرائی 12925 فٹ (3939 میٹر) زیادہ سے زیادہ گہرائی ماریانا ٹرنچ (Mariana Trench) 25840 فٹ (10924 میٹر) یا 6.79 میل۔

حکیم منور احمد عزیز صاحب

# ادرک کے خواص اور بعض نسخے

ادرک ایک پودے کی زمینی جڑ ہے۔ جسے روزمرہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔ ادرک کے بارے میں حکماء ہزاروں برس سے معلومات رکھتے ہیں۔ اس کے پودے کے پتے لمبے اور باریک ہوتے ہیں۔ جب ادرک کے پودے پر پھول آ کر غائب ہو جاتے ہیں اور تنے مرجھا جاتے ہیں تو ادرک نکالنے کا بہترین وقت تصور کیا جاتا ہے۔ پھر زمین کو کھود کر ادرک نکال کر مختلف طریقوں سے منڈیوں میں فروخت کرتے ہیں۔ ادرک جب خشک ہو جاتا ہے تو اسے سنڈھ کہتے ہیں۔

ادرک یونان، چین، پاک و ہند کے علاوہ کئی اور ممالک میں کاشت کیا جاتا ہے۔ پاکستان ادرک برآمد کرنے کے لحاظ سے ہندوستان اور چین کے بعد دوسرے درجہ پر ہے لیکن گزشتہ چند سالوں سے اس کے کاروبار میں جمیکا اور سیرالیون کی تجارت بہت بڑھ رہی ہے۔

